# 109333-کیا صاحب حیثیت شخص پر اپنی بیوی کے حج کا خرچہ لازمی ہے؟

## سوال

ایک خاتون حج کیلئے مالی طور پر استطاعت نہیں رکھتی لیکن اسکا خاوند صاحبِ حیثیت ہے، تو کیا خاوند پر اس کے حج کا خرچہ شرعی طور پر لازمی ہے؟

## پسندیدہ جواب

"خاوند پر شرعی اعتبار سے بیوی کے حج کا خرچہ لازمی نہیں ہے چاہے وہ غنی ہو، یہ حسنِ معاشرت میں سے ہے، اور اس خاتون پر حج فرض بھی نہیں ہے کیونکہ وہ حج کیلئے مالی طور پر استطاعت نہیں رکھتی" انتہی

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے۔

وصلی اللہ علی نبینا محمد وآلہ وصحبہ وسلم. انتہی

دائمی کمیٹی برائے فتوی اور علمی بحوث

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.... الشیخ عبد الرزاق عفیفی... الشیخ عبد اللہ بن غدیان.

"فتاوی اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء" (11/35)

فتاوی اللجنة الدائمة (11/94) کا ایک فتوی یہ بھی ہے:

"خاوند پر بیوی کے حج کا خرچہ واجب نہیں ہے مثلاً: اس پر حج کیلئے کھانے پینے، پہننے اور رہائش کا انتظام کرنا واجب نہیں، لیکن ان تمام اشیاء کا انتظام کرنا حُسنِ معاشرت اور بلند اخلاق اقدار کا مظہر ہے، اور بیوی اگر حج کے سفر میں ہے تو اسے حج کے سفر میں اتنا خرچہ ضرور دینا ہو گا جتنا گھر میں رہتے ہوئے ملتا تھا"

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.... الشیخ عبد الرزاق عفیفی... الشیخ عبد اللہ بن قعود.